لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

# Rampur State Gazette.

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم


| جلد ۳۲ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ شعبان ۱۳۳۸ھ مطابق ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء | نمبر ۱۹ |
|---|---|---|


### فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | تقرر مولوی مہدی حسن صاحب بعہدہ بخشی فوج | ۱ |
| ۲ | اضافہ پسر بخشی متوفی مع پرورش بیوہ متوفی۔ | ۲ |
| ۳ | رخصت سب انسپکٹر کچہری | ″ |
| ۴ | رخصت صاحبزادہ سید شبیر علی خاں صاحب بہادر | ۳ |
| ۵ | رخصت شیخ غلام اکبر۔ | ″ |
| ۶ | نقشہ نرخنامہ اجناس | ضمیمہ |


### روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

مولوی سید مہدی حسن بجائے پنڈت ڈور یلال کے جنکا حال مین انتقال ہوگیا ہو بخشی فوج مقرر کئے جائین۔ انکو ایک سو روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری کئے جائین

## روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

بخشی ذوربلال کا انتقال ہوگیا جو قدیمی اور پرانے نمکخوار ریاست تھے۔ انکا لڑکا شام لال بعہدۂ منصرم ہسٹری ٹیٹ بخشیگری مین بمشاہرہ تیس روپیہ ماہوار ملازم ہے۔ بنظر پرورش

### حکم ہوا کہ

شام لال مذکورہ کی تنخواہ موجودہ مین مبلغ سات روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔ اور مبلغ دس روپیہ ماہوار مد پنشن داران سے بیوہ بخشی ذوربلال پرورش کے لئے مقرر کئے جائین۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

---

## ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

### رخصت

۳ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب رائے صاحب سپرنڈنٹ بہادر۔ رخصت اتفاقیہ دس یوم الطاف حسین خان سب انسپکٹر گیری کی منظور کی گئی۔

## بحکم صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

## اعلان

۶ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب منشاء حضور پر نور دام اقبالہم وملکہم بنا بر ضبطی ریوالور وپستول ناجائز تمام رعایا وبندگان مطلع ہون کہ جو شخص ریوالور برآمد کرائیگا اسے دس روپیہ انعام اور منہ سے بھرنے والا پستول برآمد کرائیگا تو دو روپیہ انعام دیا جائیگا

## ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

### رخصت

۲ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

حسب منشاء حکم بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم۔ رخصت دو ہفتہ بوجہ علالت صاحبزادہ شبیر علیخان صاحب بہادر آنریری مجسٹریٹ کی واسطے علاج کے بقیام ریاست ہذا منظور ہوئی۔

## ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

### رخصت

۲۶ اپریل سنہ ۱۹۲۰ء

حسب تحریر صاحب سپرنڈنٹ ذات خاص۔ رخصت رعایتی یک ماہہ شیخ غلام اکبر ملازم کتب خانہ ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۰ء سے بضرورت ذاتی منظور کی گئی۔

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۲ لغایت ۹ مئی سنہ ۱۹۲۰ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | ۶۰ ار | | | | | ۷ ار | چار تحصیلوں کا نقشہ نہیں آیا |
| نخود خالص | ۷ ار | | | | | ۷۰ ار | |
| نخود کسر آمیز | ۷۷ ار | | | | | ۸ ار | |
| کسب | ۵ ار | | | | | ۸۰ ار | |
| ہشس | ۴ ار | | | | | ۵ ار | |
| مونگ | ۳ ار | | | | | ۳ ار | |
| مکا | ۱۰ ار | | | | | ۱۱ ار | |
| جئی | | | | | | ۱۰۰ ار | |
| گرجی | ے ار | | | | | ۹ ار | |
| عدس | ۷ ار | | | | | ۶ ار | |
| ارہر | ۷۰ ار | | | | | ۸ ار | |
| برنج | ۳۰ ار | | | | | ۳ ار | |
| روغن زرد | — ۲ ار | | | | | — ۱۱۱ ار | |
| روغن سیاہ | ۱۱۱ ار | | | | | ۱۰ ار | |
| مصری کنجد | ۳ ار | | | | | ۲ ار | |
| نمک سانبھر | ۱۱ ار | | | | | ۱۰ ار | |
| نمک رامپوری | ۷ ار | | | | | ۷ ار | |
| قند سیاہ | ۵ ار | | | | | ۵ ار | |
| باجرہ | ۸ ار | | | | | | |